نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبے کی اصلاحات سے متعلق اٹھائے جانے والے اقدامات کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت زرعی شعبہ میں کسانوں کی ترقی وخوشحالی کے لیے تاریخی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:24جولائی2024 ( ) وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت اور ویژن کے مطابق پنجاب ایگر کلچر ٹرانسفارمنگ پروگرام کے تحت زرعی شعبہ میں کسانوں کی ترقی وخوشحالی کے لیے تاریخی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبے کی اصلاحات سے متعلق اٹھائے جانے والے اقدامات بارے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

اجلاس کے دوران صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ اب تک 3لاکھ 27ہزار سے زائد کاشتکاروں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے آن لائن درخواستیں جمع کروائی ہیں جن کی سکروٹنی کے بعد ایک لاکھ 30ہزار سے زائد درخواستوں کو منظوری کیلئے بنک آف پنجاب کو بھیج دیا گیا ہے۔فرٹیلائزر،سیڈ اور پسٹی سائیڈز کمپنیوں کے ڈیلرز کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے اب تک 3ہزار ڈیلرز اپنی رجسٹریشن کرواچکے ہیں۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ کسان کارڈ منصوبہ کی ٹائم لائن کے مطابق کسانوں کی طرف سے آنے والی درخواستوں کی تعداد کو روزانہ کی بنیاد پر بڑھایا جائے۔صوبائی وزیر زراعت نے زرعی ہیلپ لائن پر ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کے تحت آنے والی کاشتکاروں کی کالز بارے استفسار کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے کال سنٹر میں ڈیوٹی پر موجود تمام ملازمین کو اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے انجام دینے کی ضرورت ہے تاکہ کسانوں کو درخواستوں کی نامنظوری کی وجوہات یا کسی بھی مشکل کے حل بارے بتایا جاسکے تاکہ مسائل کو بروقت دور کیا جاسکے۔بریفنگ کے دوران صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ وزیر اعلی گرین ٹریکٹر اسکیم کے لیے اب تک 500سے زائد درخواستیں آئی ہیں اور اس ضمن میں چار بڑی ٹریکٹر بنانے والی کمپنیوں سے

رابطہ کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے وزیر اعلی پنجاب کے زراعت کے شعبہ میں منظور شدہ انشیٹوز کی تمام اسکیموں کا لائیو ڈیش بورڈ تیار کرانے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر نے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کی ایک سال کی بھرتی کے پروسس کا لائیو پورٹل بنوانے کے احکامات جاری کئے۔ صوبائی وزیر زراعت کو بتایا گیا کہ پہلے مرحلے میں 1000 اور دوسرے مرحلے میں 4000 سپر سیڈرز کسانوں میں تقسیم کئے جائیں گے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر کو موجودہ خریف کراپ کے اسٹٹس، پنجاب میں سبزیوں اور دلوں کی کاشت میں اضافہ کی مختلف تجاویز کے بارے میں بریف کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے پنجاب میں کچن گارڈینگ کے فروغ کے لیے قابل عمل حکمت عملی بنانے کی ہدایت کی تاکہ لوگوں کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تازہ اور سستی سبزیاں دستیاب ہو سکیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے کہا کہ 1000 سپر سیڈرز کی تیاری آخری مراحل میں ہے اور ان کی ڈسٹربیوشن جلد کر دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے سموگ کنٹرول میں مدد ملے گی۔ افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ صوبہ میں پیاز، ٹماٹر، چنے اور مونگ کی کاشت و پیداوار میں اضافہ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈی جی زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم، ڈی جی پامرا امین اویس اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلی افسران نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆